## سوال

ممنوعاتِ احرام

## جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

وہ کون سی اشیاء ہیں جن سے محرم کے لیے اجتناب کرنا واجب ہے ؟

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!
الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

محرم کے لیے ان نو اشیاء سے اجتناب کرنا واجب ہے جو علماء نے بیان فرمائی ہیں اور وہ یہ ہیں :

(1) بالوں کو کاٹنا۔ (2) ناخنوں کو کاٹنا۔ (3) خوشبو استعمال کرنا۔ (4) سلے ہوئے کپڑے پہننا۔ (5) سر کو ڈھانپنا۔ (6) شکار کرنا۔ (7) بیوی سے صحبت کرنا۔ (8) نکاح کرنا اور (9) عورتوں سے مباشرت کرنا۔ (یہاں مباشرت سے مراد صحبت کے علاوہ دیگر امور مثلا بوسہ وغیرہ ہیں۔)

ان تمام اشیاء سے محرم کو حلال ہونے تک اجتناب کرنا چاہیے ، تحلل اول میں جماع کے سوا دیگر سب امور حلال ہو جاتے ہیں۔ اور جب تحلل ثانی بھی مکمل ہو جائے تو پھر جماع کرنا بھی حلال ہو جاتا ہے۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

# فتوی کمیٹی

## محدث فتوی